31-03-2026 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......مرکزی حکومت نے پندرھویں فینانس کمیشن کے فنڈس کے تحت تلنگانہ کے 12600 ۔گرام پنچایتوں کی ترقی کے لئے 247.94 کروڑ روپئے جاری کئے۔

......مہالکشمی مفت بس اسکیم کے تحت ریاست بھر میں خواتین کے لئے 290 کروڑ کے مفت سفر سے متعلق دس ہزار کروڑ روپئے ادا کرنے پر خواتین کا اظہار مسرت۔

......سابق ریاستی وزیر ہریش راو نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اسمبلی کا وقت ضائع کر رہی ہے۔

......ریاست کے بعض اضلاع میں اگلے تین دنوں کے دوران گرج چمک اور تیز ہواوں کے ساتھ بارش کا امکان۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کی پیش قیاسی۔

FAINANCE COMMISSION FUNDS

مرکزی حکومت نے پندرھویں فینانس کمیشن کے تحت ریاست کے 12600 گرام پنچایتوں کی ترقی کے لئے فنڈس جاری کئے ہیں۔مالی سال 2025-26 کے لئے غیر مختص فنڈس۔ Untitle grants سے 247.94 کروڑ روپئے منظور کئے۔ملک گیر سطح پر چھ ریاستوں کو ملا کر مجموعی طور پر 1500 کروڑ سے زائد کے فنڈس منظور کئے گئے۔جس میں تلنگانہ کو خصوصی ترجیح حاصل ہوئی۔ان فنڈس کے ذریعہ دیہاتوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی ۔مقامی ضروریات کے مطابق ترقیاتی کاموں کے لئے راہیں ہموار ہوئی ہیں۔عہدیداروں کا ماننا ہے کہ بنیادی سطح سے انتظامی امور میں شفافیت اور تیزی کے لئے یہ فنڈس سود میں ثابت ہوں گے۔

MAHVEER JAINTY

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ بھگوان مہاویر کی زندگی جنہوں نے دنیا کو عدم تشدد۔سچائی۔امن اور احسان جیسے عظیم اقدار کا درس دیا ہے۔تمام کے لئے مثالی ہے۔انہوں نے مہاویر جینتی کے موقع پر تمام لوگوں کو مبارکباد پیش کی۔چیف منسٹر نے توقع ظاہر کی کہ بھگوان مہاویر کے دکھائے گئے راستے اور اصولوں کو یاد کرتے ہوئے سبھی کو عدم تشدد کے راستے پر چلنا چاہیے۔

ROAD WORKS

مرکزی حکومت نے نکریکل ناگرجنا ساگر نیشنل ہائی وے 565 کی ترقی کے حصے کے طور پر نلگنڈہ شہر میں بائی پاس سے ڈی ای او آفس تک سڑکوں کی تعمیر کے لئے 14.45 کروڑ روپئے منظور کئے ہیں۔سابق میں سڑکوں کی توسیع کے لئے مکانات اور دوکانات سے محروم ہونے کی تشویش سے مقامی افراد کی جانب سے عدالت سے رجوع ہونے پر یہ کام رک گئے تھے تاہم ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی کی دلچسپی کے نتیجے میں دوبارہ ان کاموں کی پیش رفت ہوئی ہے۔ریاستی وزیر کی خواہش پر مرکز نے سال 2025-26 سالانہ منصوبے کے تحت شہروں سے گزرنے والی ہائی وے کی تعمیر انتظامی امور اور تکنیکی اجازت کو منظوری دے دی ہے۔نلگنڈہ میئر بی چیتنیہ سرینواس ریڈی نے مرکز سے بلاک ٹپنگ کے طریقہ کار کے تحت کروائے جانے و یہ کام مقررہ وقت میں مکمل کرنے کی خواہش کی ہے۔

PRAJA VANI

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے آج حیدرآباد کے مہاتما جیوتی راو پھولے پرجا بھون میں پرجاوانی پروگرام کا معائنہ کیا۔انہوں نے عہدیداروں کو مشورہ دیا کہ پرجاوانی کے تحت حاصل ہونے والی درخواستوں پر خصوصی غور وخوص کرتے ہوئے متاثرین کی انصاف رسانی کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔پرجاوانی کے تحت داخل ہونے والی درخواستوں اور اس کی یکسوئی پر ریاستی وزیر نے پلاننگ کمیشن کے وائس چیرمین چنا ریڈی کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے عہدیداروں کو تجویز پیش کی کہ

پولیس کیسس سے متعلق درخواستوں کی فوری یکسوئی کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

MAHA LAXMI BUS

حکومت کے زرعی مشیر کو بانسواڑہ کے رکن اسمبلی پوچارام سرینواس ریڈی نے کہا کہ ایک خاتون کی ترقی سے پورے خاندان کا بھلا ہوگا اسی مقصد کے تحت تلنگانہ حکومت کی جانب سے خواتین معاشی ترقی کو اولین ترجیح دی جارہی ہے۔9ڈسمبر 2023 کو حکومت کی جانب سے شروع کردہ باوقار مہالکشمی اسکیم کے ذریعہ ریاست بھر میں خواتین کے لئے 290 کروڑ کے مفت سفر کی سہولت فراہم کرتے ہوئے دس ہزار کروڑ روپے ادا کرنے کے موقع پر بانسواڑہ بس اسٹانڈ میں منعقدہ پروگرام میں انہوں نے شرکت کی۔

HARISH RAO

سابق ریاستی وزیر ہریش راو نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اسمبلی کا وقت ضائع کررہی ہے۔انہوں نے آج حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ دوروں ۔شادی بیاہ۔اور بجٹ کی تیاری کے نام پر گھنٹوں ایوان کی کاروائی میں روکاوٹ پیدا کی جارہی ہے۔انہوں نے کیرالہ انتخابات کے لئے اسمبلی کی کاروائی کو قبل از وقت میں ختم کردینے پر تشویش کا اظہار کیا۔انہوں نے سوال کیا کہ اسمبلی میں غیر پارلیمانی زبان کا استعمال کرنے والے چیف منسٹر کے ریمارکس کو تادیبی کمیٹی سے کیوں رجوع نہیں کیا جارہا ہے۔ ہریش راو نے بتایا کہ کالیشورم پراجکٹ تلنگانہ کے لئے ایک نعمت ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے جاری کردہ اکنامک رپورٹ میں بھی یہ کہا گیا ہے کہ اس پراجکٹ کی وجہ سے آیاکٹ میں اضافہ ہوا ہے۔لیکن ریاستی حکومت اس پر کیچڑ اچھال رہی ہے۔جس پر انہوں نے تشویش کا اظہار کیا۔

K U NEW EDUCATION POLICY

کاکتیہ یونیورسٹی کے تحت نئے نصاب پر عمل آوری کے حصے کے طور پر کوانٹم ۔اور مصنوعی ذہانت کے موضوعات کو شامل کیا جارہا ہے۔یہ بات یونیورسٹی کے وائس چانسلر اچاریہ پرتاپ ریڈی نے بتائی۔انہوں نے بتایا کہ نئے کریڈیٹ پالیسی بھی متعارف کروائی جارہی ہے۔اکتالیسیوں اکیڈیمی سینیٹ اجلاس میں کاکتیہ یونیورسٹی میں سال 27-2026 کا بجٹ 355۔کروڑ روپے پیش کیا۔اس موقع پر اچاریہ پرتاپ ریڈی نے بتایا کہ نئے کورسس کو متعارف کروانے کا مقصد طلبا کو ملازمتوں کی فراہمی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ عنقریب 130۔عارضی جائیدادوں پر بھرتی کی جائے گی۔2029 نیاک ایکریڈیشن کے لئے منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔

WEATHER

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست کے بعض اضلاع میں اگلے تین دنوں میں گرج چمک و تیز ہواوں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔فی گھنٹہ 30 تا 40 کیلومیٹر کی رفتار سے ہوائیں چلنے اور بارش کا امکان ہے اس سلسلے میں ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

PUSHKARALU

نظام آباد ضلع کلکٹر ایلا ترپاٹھی نے رنجل منڈل کے کنداکورتی پشکر گھاٹ کے پاس جاریہ سال جولائی میں منعقد ہونے والے گوداوری پشکرالو کے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے سڑکوں کی مرمت اور مندر کے کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ترو ینی سنگم۔والے اس مقدس مقام پر لاکھوں بھکتوں کی آمد کے امکان کے پیش نظر صاف صفائی۔پارکنگ۔بیت الخلاوں اور عارضی رہائش کے لئے انتظامات کرنے کے ساتھ ساتھ ہیلی پیڈ اور کلورٹ کی تعمیر کی انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی۔بعدازاں انہوں نے منڈل عہدیداروں کے ساتھ اجلاس طلب کرتے ہوئے مردم شماری کے عمل سے متعلق مشورے دیئے۔

DRUGS

محبوب نگر ضلع کلکٹر خوشبو گپتا نے کہا ہے کہ ابتداء میں شوقیہ طور پر شروع ہونے والی بری عادتیں نوجوانوں کا مستقبل برباد کرتی ہیں۔منشیات کے خاتمہ سے متعلق شعور بیداری میں اضافے کے مقصد سے محبوب نگر شہر کے برنداون گارڈن میں ضلع ایس پی،ڈی جانکی۔کی جانب سے 2000 طلبا کے ساتھ منعقدہ اس پروگرام میں ضلع کلکٹر نے شرکت کی۔اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے ورزش اور کھیل کود کے ذریعہ اپنے آپ کو صحت مند رکھنے کا مشورہ دیا۔ضلع ایس پی نے واضح کیا کہ منشیات کی فروخت۔استعمال اور منتقلی پر سخت قانونی کاروائی کی جائے گی۔اس موقع پر طلبا میں اسپورٹس کٹس تقسیم کرتے ہوئے ان سے ڈرگس سے دور رہنے کا عہد

کروایا گیا۔

Byte collector

STMPED

ریاست بہار کے نالندہ ضلع کے مشہور شیتالا دیوی مندر میں آج صبح بھگدڑ کے نتیجے میں آٹھ خواتین کی موت ہوگئی۔ جبکہ درجنوں افراد زخمی بتائے گئے ہیں۔ اس حادثے پر بہار کے ڈپٹی چیف منسٹر سمراٹ چودھری نے گہرے رنج کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت متاثرین کی ہر طرح سے مدد کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ زخمی کا بہتر سے بہتر علاج کرنے کی عہدیداروں کو ہدایت دی گئی ہے۔

ADOVCATS LAW   VANPARTI

تلنگانہ میں وکلاء کے قانون تحفظ سے متعلق 2026 بل کو ایوان کی جانب سے منظور کرنے پر ونپرتی بار اسوسی ایشن نے مسرت کا اظہار کیا ہے۔ منگل کے دن ونپرتی ضلع مستقر میں واقع عدالت کی عمارت میں وکلاء کی تنظیم کے صدر کرن کمار نے صحافیوں سے بات چیت کی۔ انہوں نے اس بل کی منظوری پر خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس قانون کے ذریعہ وکلاء کو شخصی تحفظ کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ارکان خاندان کی سلامتی اور بیمہ کی سہولت کی فراہمی قابل ستائش ہے۔

SPORTS

کتہ گوڑم کے پرکاشم اسٹیڈیم میں آج تلنگانہ اسپورٹس اسکول میں چوتھی جماعت میں داخلے کے لئے ضلعی سطح کا مسابقتی امتحان منعقد ہوا۔ 80 طلباء کے قد۔ وزن کے ساتھ مختلف کھیلوں سے متعلق امتحان منعقد کئے گئے۔ باصلاحیت پہلے دس مقامات کے طلبا و طالبات کا انتخاب کرتے ہوئے اگلے ماہ سکندرآباد حکیم پیٹ میں واقع ریاستی سطح کے اسپورٹس اسکول میں منعقدہ قطعی انتخاب کے لئے انہیں بھجوایا جائے گا۔ یہ بات ڈسٹرکٹ محکمہ اسپورٹس کے عہدیدار۔ پرم داما ریڈی نے بتائی۔

BASAR

ریاستی محکمہ انڈومنٹ کے کمشنر ہنمنت راو نے بتایا کہ مقدس مقام باسر کو روحانی اور تفریحی مرکز میں تبدیل کیا جائے گا۔ چھ اپریل کو چیف منسٹر ریونت ریڈی کے دورے سے متعلق انتظامات کا انہوں نے ضلع کلکٹر ابھیلاشا ابھینو کے ساتھ مل کر جائزہ لیا۔ انہوں نے زیر تعمیر مقامات اور احاطے مندر میں سنگ بنیاد کے مقام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ کاموں کے آغاز کے لئے درکار تمام انتظامات مکمل کئے جائیں۔ انہوں نے مندر کی انتظامی کمیٹی کے عہدیداروں کے دفتر میں منعقدہ اجلاس میں شرکت کی۔

GINGER GARLIC

ضلع رنگاریڈی کے میلاردیو پلی میں ملاوٹ شدہ ادرک لہسن کے پیس کی تیاری کی اطلاع پر پولیس نے کاٹے دھن صنعتی علاقے میں واقعہ۔ ایس کے آر۔ فوڈ پرڈاکٹس پر دھاوا کیا۔ پولیس نے ملاوٹ شدہ ادرک لہسن کا پیس فروخت کرنے والے حسن علی نامی شخص کو گرفتار کرلیا۔ یہاں سے بائیس لاکھ روپئے مالیتی 4032 کلو ادرک لہسن کا پیسٹ اور غیر معیاری اشیاء کو ضبط کرلیا۔